Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۵ رجب المرجب سنہ ۱۳۵۹ھ مطابق ۱۰ اگست سنہ ۱۹۴۰ء } جلد ۵۲

حصہ ۱ اوّل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

(۱) منظوری ترمیم قواعد موٹر گاڑیان ریاست رامپور سنہ ۱۹۴۰ء ۲ تا ۴

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ۔ واقع ۲ اگست ۱۹۴۰ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۵ جولائی ۱۹۴۰ء میں عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج ڈیفنس پولیس کی تجویز بابت منظوری مرمہ قواعد موٹر گاڑیان ریاست رامپور ۱۹۴۰ء منسلکہ کاغذات پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب تجویز منسلکہ "مرمہ قواعد موٹر گاڑیان ریاست رامپور ۱۹۴۰ء" کی منظوری دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

مرمہ قواعد موٹر گاڑیان ریاست رامپور ۱۹۴۰ء

ہرگاہ کہ قواعد موٹر گاڑیاں ریاست رامپور ۱۹۳۶ء میں ترمیم کی ضرورت ہے۔ لہذا حسب ذیل ترمیم کی جاتی ہے۔

قاعدہ ۷ (۱) قاعدہ نمبر ۲۷ (ب) میں بعد لفظ "مندرجہ" بجائے لفظ "تحت" الفاظ "ضمیمہ الف حصہ اول" درج کئے جائیں۔ اور قاعدہ مذکور کے ضمنی ہیڈ (۱)، (۲)، و (۳) محذوف کئے جائیں:-

قاعدہ ۸ (۲) قواعد موٹر گاڑیاں ۱۹۳۶ء کے ضمیمہ الف کے حصہ اول اور حصہ (ب) کے بجائے ضمیمہ الف حصہ اول و حصہ (ب) مضمون منسلکہ قائم کئے جائیں:-

ضمیمہ الف

تفصیل گاڑیان

حصہ اول

موٹر گاڑیاں علاوہ پبلک گاڑیوں کے۔

۱- سائیکل معہ موٹر اسکوٹر و سائیکل مع سامان جو بذریعہ قوت چلتی ہوں۔ جنکا وزن آٹھ ہنڈرڈ ویٹ سے زائد بصورت خالی ہونے کے نہ ہو۔

	فیس سالانہ
(الف) بائیسکلیں:-	
(۱) جن کا وزن دو سو پونڈ سے زائد بصورت خالی ہو	[illegible] روپیہ
(۲) بصورت خالی دو سو پونڈ سے زائد وزنی	[illegible] "
(ب) ٹرائیسکلیں:-	[illegible] "
(ج) بائیسکلیں یا ٹرائیسکلیں جو ٹریلر یا سائڈ کار چلانے کے کام میں لائی جائیں اُن سے مزید فیس سالانہ علاوہ مندرجہ بالا کے	[illegible] "

۲- موٹر گاڑیاں جو صرف اشخاص کی سواری اور ذاتی سامان کی بار برداری کے لئے بنائی گئی ہوں اور استعمال کیجاتی ہوں جنمیں علاوہ ڈرائیور کے چھ اشخاص سے زائد بیٹھنے کی جگہ نہ ہو (مع سائیکلیں اور ٹرائیسکلیں جن کا وزن بصورت خالی ہونے کے آٹھ ہنڈرڈ ویٹ سے زائد ہو)

(۱) (الف) جو پندرہ ہارس پاور سے کم کی ہو۔	[illegible] روپیہ
(ب) جو پندرہ ہارس پاور کی یا اوس سے زائد ہو۔	[illegible] "
(۲) ٹریلر جو ذریعہ گاڑی زیر آرٹیکل ہذا چلائے جائیں مزید	[illegible] "

مندرجہ ذیل گاڑیوں کی صورت میں:-

(۱) جبکہ دو یا زیادہ گاڑیوں کا مالک ایک ہی شخص ہو۔

(الف) اُس گاڑی کے لئے سب سے زائد محصول یعنی پورا ٹیکس عائد ہوگا

(ب) اور ہر ایک دوسری گاڑی پر ۳/۴ بمقابلہ پورے ٹیکس کے جو اُس گاڑی پر عائد ہوتا ہو عائد ہوگا

(۳) دیگر گاڑیاں بشمول سائیکلوں اور ٹرائیسکلوں کے جن کا وزن بصورت خالی ہونے کے آٹھ ہنڈرڈ ویٹ سے

زائد اور دیگر گاڑیاں جو استعمال کے واسطے بنائی گئی ہوں یا چلائی گئی ہوں۔ خواہ سامان کی باربرداری کیلئے یا چھ اشخاص سے زائد کی سواری کے لئے (علاوہ ڈرائیور کے)

(۱) اگر تمام و کمال نیومٹیک ٹائر سے فٹ ہوں — فیس سالانہ

(الف) جن کا وزن بحالت خالی ہونیکے ایک ٹن سے کم ہو .. .. .. [illegible] روپیہ

(ب) جن کا وزن ایک ٹن یا اُس سے زائد ہو .. .. .. [illegible] ر

(ج) ٹریلر جو ذریعہ گاڑیوں کے زیر آرٹیکل ہٰذا چلائے جائیں۔

(۱) بغرض لیجانے وزن جو زائد از ایک ٹن نہ ہو .. .. [illegible] ر

(۲) بغرض لیجانے وزن جو ایک ٹن سے زائد ہو .. .. [illegible] ر

حصہ ب

پبلک سروس گاڑیاں

۴۔ گاڑیاں جو مسافروں کی سواری اور مسافروں کے ذاتی معمولی سامان کی باربرداری کے کام میں لائی جائیں۔

(۱) جن میں علاوہ ڈرائیور کے چھ اشخاص سے زائد بیٹھنے کی جگہ نہ ہو .. .. [illegible] روپیہ

(۲) جن میں علاوہ ڈرائیور کے چھ اشخاص سے زیادہ بیٹھنے کی جگہ ہو۔

(الف) علاوہ ڈرائیور کے پہلی چھ نشست کے لئے .. .. [illegible] ر

(ب) چھ نشستوں سے زائد ہر نشست کیلئے فی نشست .. .. .. [illegible] ر

۵۔ گاڑیاں جو صرف مال کی باربرداری کے لئے کرایہ پر چلائی جائیں۔

ہر ہنڈرڈ ویٹ کے لئے جن کا استحقاق ہو .. .. [illegible] ر

مگر شرط یہ ہے کہ آرٹیکل ہٰذا میں کوئی مضمون کسی ایسی موٹر گاڑی کے متعلق نہ ہوگا جو بطور عارضی کسی نجی اقرار کرایہ کے موجب کسی خاص سفر میں استعمال کی گئی ہو۔

و نیز شرط یہ ہے کہ کوئی مزید محصول نہ ہوگا اگر کوئی موٹر گاڑی کسی سڑک یا خاص سڑک پر چلانے کے لئے مستقلاً لائسنس یافتہ ہو۔ مگر اس عرصہ لائسنس میں اُس سڑک یا اُن سڑکوں کو استعمال نہ کیا ہو۔ اور کسی راستہ یا راستوں پر علاوہ اُن سڑکوں کے جن کے لئے لائسنس دیا گیا ہو۔ بطور عارضی چلائے جانے کی اجازت دیجائے۔